ہے بلکہ آپ دینا چاہیں بھی تو لیتا کوئی نہیں۔ جاپان میں کم از کم ان گناہ گار آنکھوں کو تو ایک گداگر بھی نظر نہیں آیا۔ غیرت شاید اسی چیز کا نام ہے۔ افسوس کہ یہ نہ صرف تیمور کے گھر سے رخصت ہوئی بلکہ اسلامی دنیا کے بیشتر حصے سے بوریا بستر لپیٹ گئی۔

فرانس کے نظامِ تعلیم کی نمایاں خصوصیت وہاں کے عظیم سکول ہیں جن میں داخلہ قومی سطح پر منعقد ہونے والے مقابلہ کے امتحان کے ذریعہ ہوتا ہے۔ جو خوش قسمت داخل ہوجاتے ہیں انہیں تین سے پانچ سال تک وہاں خوب رگیدا جاتا ہے۔ کامیاب ہو کر جو نکلتے ہیں وہ ایسے گوہر تابدار ہوتے ہیں جنہیں بے شمار ادارے ماتھے کا جھومر بنانے کیلئے بے تاب ہوتے ہیں۔

اس دوڑ میں ہم کہاں ہیں؟ نکتہ آغاز سے بھی پیچھے بلکہ مسلسل پھسلتے ہوئے...... ہر لمحہ منزل ہم سے دور بھاگتی ہوئی۔ ادارے تو کافی ہیں؛ معیار نہ ہے، نہ اس کی فکر ہے۔ خود غرضی کی چادر اوڑھے سب محوِ خواب ہیں۔ سرسید سے کہو قبر سے اُٹھے اور ان گراں خوابوں کو جگائے۔ یہ بھاری پتھر ان سے بھی اکیلے شاید نہ اٹھایا جاسکے۔ قافلہ عشاق کی ضرورت ہو گی جس میں آپ کو مجھے اور سب کو شامل ہونا پڑے گا۔ یاد رہے کہ قائداعظم نے کہا تھا کام کام اور کام۔ دورِ حاضر کا تقاضا ہے کہ تقدیر بنانا ہے تو تعلیم، تعلیم اور تعلیم پر تمام تر توجہ اور وسائل مرکوز کردیں۔

تعلیم کے فروغ کے لیے ان قوموں کے تعلیمی رجحانات ہمارے لیے ایک درخشندہ مثال کی حیثیت رکھتے ہیں، اگر مسلمان اپنی کھوئی منزل حاصل کرنا چاہتے ہیں تو انہیں اپنے اسلاف کی میراث اور علوم کا احیا کرنا ہو گا جو ان سب سے بڑھ کر علوم کے والہ وشیدا تھے، انہوں نے تحصیل علم کے لیے میلوں سفر طے کیا اور مسلمانوں کو علم و تحقیق سے مالا مال ایک قوم بنا دیا۔

وفاتِ حسرت آیات شیخ الحدیث مولانا محمد رفیق طویل علالت کے بعد ۳۰؍ جولائی ۲۰۰۴ء بروز جمعۃ المبارک سمندری میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون، ان کی نمازِ جنازہ شیخ الحدیث حافظ محمد امین آف اوڈانوالہ نے پڑھائی۔ مرحوم متعدد مدارس میں تدریسی خدمات انجام دیتے رہے ۔ مولانا ظفر اللہ (بانی جامعہ ابی بکر کراچی)، شیخ الحدیث مولانا عبد الرشید ہزاروی، مولانا شاہ عبد الشکور آف سانگلہ ، مولانا عطاء الرحمن شیخوپوری اور قاری جاوید انور صدیقی کے علاوہ ایک جم غفیر نے ان سے کسبِ فیض کیا۔ اللہ تعالیٰ مولانا کی مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے اور پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین (ادارہ محدث)

www.KitaboSunnat.com